الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ:- 27 مئی 2022اسلام آباد

"بلوچستان پہلے مرحلے میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے لئے فول پروف سکیورٹی مہیا کی جائے ۔ الیکشن کمیشن تمام پولنگ سٹیشنوں پر ووٹرز کے بے خوف وخطر اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہا ہے "۔سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید خان

آج الیکشن کمیشن آ ف پاکستان اسلام آبادسیکرٹریٹ میں سیکرٹری الیکشن کمیشن جناب عمر حمید خان کی سربراہی میں بلوچستان لوکل گورنمنٹ الیکشن کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ آن لائن اجلاس میں بلوچستان کے 32 ضلعوں میں ہونے والے الیکشن کے انتظامی اور سکیورٹی حالات کی تفصیل سےجائزہ لیا گیا۔یاد رہے بروز اتوار مورخہ 29مئی 2022پولنگ کا دن ہے ۔

اجلاس کے شرکاء میں چیف سیکرٹری بلوچستان عبد العزیز عقیلی ، آئی جی بلوچستان محسن حسن بٹ ،سیکرٹری لوکل گورنمنٹ دوستین جمالی ، جوائنٹ ڈائریکٹر جنرل آئی جی عمر شاہداور قانون نافذکرنے والے ادارے موجود رہے ۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن کو بتایا گیا کہ 32ضلعوں میں 5226 پولنگ سٹیشن بنائے گئے ہیں جس میں تقریباً 2000 پولنگ اسٹیشن انتہائی حساس جبکہ 1917 حساس قرار دیئے گئے ہیں ۔ ان اضلاع میں ووٹرز کی تعداد 3552398 ہے۔جبکہ امیدواروں کی تعداد 16195ہے جن میں 132 خواتین بھی شامل ہیں ۔

بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے پولنگ کے عملے ، پولنگ اسٹیشنوں اورعوام کی سکیورٹی کے لئے 32اضلاع میں 45436 پولیس کی نفری تعینات کی جبکہ تمام پولنگ اسٹیشنوں کی geolocating بھی کر لی گئی ہے ۔ حساس اضلاع میں خصوصی طور پر سیکورٹی کو یقینی بنانے کے لئے تمام ممکن اقدامات کئے گئے ہیں ۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن جناب عمر حمید خان کا کہنا تھا کہ آئین کے آرٹیکل 218 کے تحت صاف، شفاف ، غیر جانبدارانہ الیکشن کا انعقاد الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے ۔ جبکہ 220کے تحت انتظامی معاملات میں معاونت انتظامیہ ودیگر ریاستی اداروں کی ذمہ ہے ۔

ان کا مزید کہنا تھا کہ خواتین کی سکیورٹی اور آبزور کی معاونت کا خصوصی دھیان رکھا جائے ۔ خواجہ سراء ، اقلیتوں ، معذروں ، بزرگ شہریوں اور حاملہ خواتین کو ووٹ ڈالنے کے معاملے میں پولنگ عملہ اور انتظامیہ ترجیح دے ۔



سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان عمر حمید خان بلوچستان بلدیاتی انتخابات
کی سکیورٹی اور انتظامی امور پر
چیف سیکرٹری بلوچستان اور آئی جی بلوچستان سے بذریعہ ویڈیو لنک میٹنگ کی
صدارت کررہے ہیں